جسطرح سدا تابع فرمان ہی یہ گھوڑا
آفاق مین سب گھوڑونکا سلطان ہی یہ گھوڑا
سلطان جہانکی جو تہ بان ہی یہ گھوڑا

کافی ہی فقط ظل الٰہی کا اشارا
ناسخ کیطرح تابع فرمان ہی یہ گھوڑا

ہجر مین لاغر بدن حد سے زیادہ ہوگیا
کرتے ہین سالک ترقی سے تنزل اختیار
بتی اوسکی میل کی بتی اگر کی بن گئی

جو شلوکا تھا ہمارا سو لبادہ ہوگیا
جبکہ منزل پر سوار آیا پیادہ ہوگیا
ریزہ ریزہ میل صندل کا برادہ ہوگیا

قبر پر دم آگئے ہم زندہ ہوے ای فلسفی
دیکھنا معدوم کا کیونکر اعادہ ہوگیا

ولہ

ہوگئی نرگس کی جگہہ دلمین خرابہ ہوگیا
ماہ کامل کیطرح منہ دہونیکی ہی سیلابچی
کیا ہوے ہم زندہ جو آگے شیشہ گرد ونکی قدر
ایک جانب گومتی ہی ایک جانب سیل اشک

پیشتر جس جا خزانہ تھا خرابہ ہوگیا
آفتابہ ہی ماہ تابان آفتابہ ہوگیا
گر گیا نظروں سے جب خالی قرابہ ہوگیا
لکھنؤ بھی میرے رونے سے دوآبہ ہوگیا

جو او سپہلو نشین ہو کر گیا پہلو تہی ہمسے	جدا پہلو سے دم بھر درد پہلو ہو نہیں سکتا
ہوا ہو خود سما اس یاس میں جلدی فنا ہوگا	قیام رنگ گل تا ہستی بو ہو نہیں سکتا

ردیف بای موحدہ

ساقیا دے بے مجھے شتاب شراب	کب سے کرتا ہوں میں شراب شراب
ہجر میں آگ ہو گیا پانی	دل کو کر دیتی ہی کباب شراب
ہیں قلوب اوسکے نور سے روشن	کیوں نہ کہلائے آفتاب شراب
ہے سزاوار عیش آخر عمر	صبح پیری ہے آفتاب شراب
ہے مزا جام زندگی لبریز	ساتھ اب تو پیئیں جناب شراب
ہی مزا مستی اور ہشیاری	کہ ہی لطف وقت خواب شراب
فصل میں عجب نہیں ہے اگر	ابر برسائے جلسے آب شراب
ساقیا ہے تری جدائی میں	داغ دل رشک ماہتاب شراب
نرگس مست یار کے آگے	ہوئی غیرت سے آب آب شراب
داغ دل ہیں نگاہ خضر کے ان ہم	کر نہ ای محتسب خراب شراب

نہیں ساقی تو کیا کروں ناسخ
نہر مطرب چمن سحاب شراب

ہو گیا لبریز ای ناسخ پیالہ عمر کا
فرقت ساقی میں ہی کسکو تمنای شراب

بتا کہ خلد میں ہی یا سقر میں جو ہی شراب — کرو عطا کروں محشر میں جستجوی شراب
ہوا ہوں خاک پر ابتک ہی جستجوی شراب — دعای روح ہی چھوٹے کوئی سبوی شراب
نہ پائیں زاہد نے آبرو شراب کہیں — لئے اپنے ساتھ کہ کھوئیں ہیں آبروی شراب
بدن شراب کشی سے خم شراب بنا — ہی اپنی روح بدن میں ہمنگ بوی شراب
جو ناگوار نہ تلخی ہو پھر ہی کیفیت سکر — ملی ہی عشق کو اس سے کہ ہیں آنکھو شراب
نظر حرام ہی کہتے ہیں دختر رز سے — سوای منبچہ دیکھا نہ ہمنے روی شراب
حضور پھول کی برگ شجر ہوں کب سرسبز — بھلا ہی بنگ کی کیا قدر روبروی شراب
شراب خوار وہ شیریں دہن ہی او فرہاد — منگائیگا عوض جوی شیر جوی شراب
برنگ جام ہوئیں آنکھیں ساقیا پرخون — تری فراق میں دیکھا جو بینے سوی شراب
حساب اب یہی کون جای مسجد میں — شراب خانہ میں ہاتھ آئے ہی سبوی شراب
غضب ہی راز درون کھل گیا مرے منہ سے — شراب خوار کو کرتی ہی خوار بوی شراب
مرے علاج کو ناحق ہی جستجوی کدو — خمار کا ہی مجھے رنج لا کر دی شراب
نظر جو آگئی مشاطہ پھر وہ دھیان آیا — دلائی یاد مجھے بوی گل نے بوی شراب

ولہ

ردیف بای فارسی

خار تدبیر ہی پیش گل تقدیر عبث
وقت پر باغ مین آتی ہی بہار آپسے آپ

دونون عالم مین اگر ایک نہین شعبدہ باز
جمع کیونکر ہوا اضداد یہ چار آپسے آپ

نہین آتا جو وہ خورشید سے گھر مین نہ آے
صبح ہوجائیگی آخر شب تار آپسے آپ

کچھ شکایت نہین عشق کمر نازک کی
ہوگیا ہون مین صنم زار و نزار آپسے آپ

او وجود چمن آرای ازل سے منکر
خود بخود گل ہی موجود نہ خار آپسے آپ

سرخ پوشاک پہن کر وہ سہی قد جو گیا
جل اوٹھے سرو چمن مثل چنار آپسے آپ

زلف کو چھوکے پڑا ہی جو بلا مین اے دل
کاٹ کھاتا ہی کسیکو کوئی مار آپسے آپ

کچھ سے تیغ جفا کی نہین تقصیر اے گل
صورت غنچہ مرا دل ہی فگار آپسے آپ

غیر کا منہ ہی کہے لبوسے ترے او ظالم
نیلگون خط کی ہوگئے یہ عذار آپسے آپ

نالہ کش مثل جرس کیون ہی تو عشق اے مجنون
صبر کر آئیگی جمازہ سوار آپسے آپ

ولہ

جلوۂ رخسار جانان سے نکل آتی ہی دھوپ
وصل کی شب سحر سے پہلے یہین آجاتی ہی دھوپ

کیا شب وصل صنم کی چاندنی آتی ہی یاد
روز فرقت جب کہ دیوار پر آتی ہی دھوپ

وصل کی شب صبح سے پہلے ہوا ہی بندھا اسکو نگار
بلکہ اے چشم تر بارش مین چھپ جاتی ہی دھوپ

وصل کی شب بخت بد اپنا دکھاتا ہی کمال
ہے مرے گھر مین چاندنی آتے ہی بن جاتی ہی دھوپ

تھی شکل رخ و زلف صنم شام و سحر سا
اے وصل کی شب اس کی تو آج پڑی ہو

تاریک ہوا دن مرے رونے کے اثر سے
جس طرح چھپا دیتی ہے ساون کی جھڑی دھوپ

ایسا ہی تو خورشید جہانتاب پری رو
سو بار عوض گرد کی دامن سے جھڑی دھوپ

شب دیکھیے کس طور سے ہو وصل ہو کیونکر
در پہ تو اڑی غیر لب بام اڑی دھوپ

اس ڈر سے کہ پژمردہ نہو جاے کوئی پھول
چھپ جاے جو دیکھے ترے بالوں کی چھڑی دھوپ

سر کا شب تاریک میں داغوں نے جو پھاہا
اک خلق مرے سر سے لگا تی ہے کھڑی دھوپ

ہیں سرو و صنوبر جو چلیں دھوپ میں ان پھر
وہ سرو روان تھمے ایک گھڑی دھوپ

آتی ہے تصور سے مری قبر بھی روشن
اے مہر جہانتاب مرے ساتھ گڑی دھوپ

کیا پردے سے باہر نکل آیا ہے وہ خورشید
خلقت جلی جاتی ہے بڑی آج پڑی دھوپ

ردیف تای فوقانی

غمخانہ تری یاد میں ہے بسم پر بہشت
زاہد غم فراق میں ہے دوزخ بہشت

غلمان و حوریاں ہیں تصور میں بیشمار
ہے رو برو ہی وسعت دل مختصر بہشت

جاتے ہو راہ راست کو تم چھوڑ کر کدھر
اے گمرہوا دھر ہے سقر لو ادھر بہشت

جلکر سموم نالۂ دل سے کروں نہ خشک
رکھتا ہے خوب نہر ولے گلہای تر بہشت

فرقت میں مجکو دوزخ غربت قبول ہے
کیا کام اگر وطن میں ہے سر رہگذر بہشت

ولہ

ردیف تای مثلثہ

۵۲

تمھاری کاکل ہی جا نہیں دیکھکر شانہ
ہوے ہیں پار سینے کے بھی گند بار دانت

ستے ہے گلوری مبارک تمھارے دانتونکو
بنے ہیں ہونٹھ چبانے کو بس ہمارے دانت

دلا کمال دو فا دار ہے سگ قاتل
ہوا ہیں قتل تو لاشے کو خوب مارے دانت

نکالیے در مقصود کیونکر اے ناسخ
فلک تہ تنگ ہی تحر جہا نہیں تارے دانت

کسقدر صاف ہی تمھارا پیٹ
صاف آئینہ سا ہے سارا پیٹ

کر رہا ہے تمھارے سینے کا
دیدۂ ناف سے نظارا پیٹ

نظر آیا جو پیٹ ساقی کا
شیشۂ مے نے اپنا مارا پیٹ

کیا بھری رہتی ہی مدام شراب
خم کے مانند ہی ہمارا پیٹ

ستنے کرتی اگر وہ خالی مے کے
کر سے ہر حلقہ کو ستارا پیٹ

گو وہ رعنا غزال ہی لیکن
نرم ہی مثل شیر سارا پیٹ

تیری ہی فکر رہتی ہی دن رات
جلتے جی تو نے مجھکو مارا پیٹ

دیکھکر ایک بار پیٹ اوسکا
کہہ رہا ہوں دیکھا دو بارا پیٹ

چاہا ہوں ہی رکھکے سر میں سو جاؤں
تکیہ مخمل کا ہے تمھارا پیٹ

زیست بھر پی شراب اے ساقی
مر بھرا ایک دن ہمارا پیٹ

ہجر مین دوزخ ہوا مجکو جہان | الغیاث ای باغ رضوان الغیاث

مزرع امید ناسخ خشک ہی
الغیاث ای ابر احسان الغیاث

وہ نہین پیش نظر ہن دیدۂ بینا عبث | وہ نہین سینہ بہ سینہ ہی مرا سینا عبث

تشانۂ مژگان نرگس کام کا نے زلف کا | وہ نہین مینہ دیکہتا دل کا ہی آئینا عبث

خالی ہی مکتب نہین لڑکے کرین جو سبق کا | ایسے جنون پیدا ہوا ہفتے مین آدینا عبث

کالبد احزان سے بہتر ہی کہین کنج لحد | گر نہین وہ جان جان تو ہی مرا جینا عبث

سے کس کام آئیگا جو رہگیا مین تشنہ کام | شیشۂ می تو نے مجھسے محتسب چھینا عبث

میکدہ مین شامی مجکو ہی معراج عرش | مسجد زاہد مین منبر کا ہی یہ زینا عبث

مثل مینا ایک قطرہ ہضم ہو ممکن نہین | ہجر مین ہی بادۂ گلرنگ کا پینا عبث

فصل گل جبتک ہی رہتے ہین ہر رنگ گل نہین | سیر کا ہی پیرہن ناصح نہ تو سینا عبث

میری قسمت مین وصال اور انکے نصیبون مین فراق | کیا قصور اسمین مرا غیرون کو ہی کینا عبث

شیشۂ می ہی مجھے جانان ہی ساغر چشم مست | میری محفل مین ہی ساقی ساغر و مینا عبث

ترک گردون مین جو نظارہ بتون کا ہی خطا | کیا خدا نے پیدا کئے دیدۂ بینا عبث

ردیف جیم عربی

۵۳

[illegible]

اثر بن گئے بے یار دریا مین ہم ای ناسخ اگر
کاٹ ڈالے گا گلے کو خنجر خونخوار موج

سابھو چکی ہین بہ رنگ قتل ہی تحریر موج
زاہدا کوثر مین کب ہے استقامت موج

کیون نہ چلنے سے رہے رفتار جانان دیکھکر
پڑ گئی آب روان کی پاؤن مین زنجیر موج

جوش سودا مین سلسل ہی روان دریای اشک
آنکھ میری بنگئی ہی حلقۂ زنجیر موج

دیکھ گیسو مین کیا جاری جو مین سیل اشک
ہوگئی مار سیہ سے بھی سوا تاثیر موج

جوش اشک ایسا خط جانانکے لکھنے مین ہوا
صفحۂ دریا پہ گویا ہمنے کی تحریر موج

وہ بت خونریز ہی نام خدا دریای حسن
چاہیے اوسکو سپر گرداب کی شمشیر موج

جسمین گیسو ہی گردش آب ہی دریای تو
کان ہین گرداب کے ہر دم ہی تقریر موج

ایک قطرہ بھی ٹپکا نا کہین آنکھ چشم تر
لاغر ایسا ہون بہا لیجائیگی تصویر موج

سمجھے ہم کرتے ہی تیری یاد آتی دریای حسن
کان تک آگئے ہین جب دم نالۂ شبگیر موج

کیون نہ ہین ہی تلی فنا فی البحر مانند حباب
سر پٹکتی ہی جو ساحل سے یہی تعزیر موج

اشک خونین مین جو ہون غلطان تو سیلاب مین
کیا مٹا ہی مری تقدیر سے تقدیر موج

ہون وہ خوش طالع مرے جانب ہو تقدیر نہنگ
ہو اگر دریای آفت خیز مین تا خیر موج

سیل اشک آنکھونکی باہر ضبط سے آتا نہین
پنجۂ مژگان تر رہتی ہین دامنگیر موج

[illegible]

ولہ

کوئی نامہ یا کوئی پیغام بھیج
ہون مین بے آرام کچھ آرام بھیج

تیرے در پہ کب سے کرتا ہون سوال
عاشق آنکھون کا ہون ع بادام بھیج

ہجر مین کرتا عوض اے آسمان
وصل ہو جای سحر اب شام بھیج

تا بکے پر خون ہے یہ دل ای فلک
کوئی مینا ے مے گلفام بھیج

ایک مدت رو چکین آنکھین لہو
نشہ سے بھی سرخ ہون اب جام بھیج

تیری گرتی جالی کی درکار ہے
بھر مرغان معانی دام بھیج

بھیجا خط کا کیا اوس بت نے ترک
اب خدایا موت کا پیغام بھیج

یا الٰہی ہو بہم عیش و معاش
ساتھ زر کے کوئی سیم اندام بھیج

آگیا ناسخ کو پیغام اجل
ابتو کوئی نامہ ای خود کام بھیج

جو قتل کیا عشق کے بیمار کا علاج
سو آپ روز کرتے ہین بیمار کا علاج

ہم انتظار شربت دیدار مین موے
کرتے ہو خوب عشق کے آزار کا علاج

جس تراح جانتا نہین جلاد کے سوا
جز تیغ ابروی خمدار کا علاج

واقف نہین طبیب صداع خمار سے
خمار خوب کرتے ہین میخوار کا علاج

نہاں ما ہی جو تو عریاں تو غش سے
گرے دریا کنارے چاند سورج

وہ کہتا ہے کہ دھو مہ سے ہیں نجوم
یہ ٹوپی میں ہماری چاند سورج

نہ اوس نور مجسم کا لگا کھوج
پھرے ایسے کہ ہارے چاند سورج

جدائی میں کیا روشن مرا گھر
نہ دم بھر ہوا وہ واری چاند سورج

تری الفت میں ایسے گھل گئے ہیں
نظر میں ہیں شراری چاند سورج

یہ مجھسے ہجر میں وحشت ہی ناسخ
کہ ہیں گویا چکارے چاند سورج

ردیف جیم فارسی

یاد کیون آئین نہ موی کمر یار کے پیچ
ایسے دیکھے نہ کسی گیسوی خمدار کے پیچ

تیرے آگے نہ چلے جان سپہ یار کے پیچ
زلف پیچان اوسے مار رکھا مار کے پیچ

باندھے ہیں کاکل پیچاں کے جو اکثر مضمون
اسلیے رکھتے ہیں معنی مرے اشعار کے پیچ

واہ کیا حسن سے بال اوسنے لپیٹے سر سے
خوشنما ایسے نہ دیکھے کسی دستار کے پیچ

تیرے پھندے سے نکلنا ہی محال ای قاتل
زلف سے بھی ہیں سوا رشتۂ زنار کے پیچ

آہ نکلا پیچ میں ہے خواہش رفعت جسکو
دیتے ہیں سخت اذیت رہ کہسار کے پیچ

کج روا کج جو ملی داد ہی غربت ناسخ
آگئی یاد مجھے کوچۂ دلدار کے پیچ

ولہ

کرنا کہیں نہ ساتھ رقیبوں کی جان کوچ
کر جائیگی بدن سے ابھی میری جان کوچ

ہم سر پٹکتے کلبۂ احزان میں رہ گئے
یوسف کو لیکے کر ہی گیا کاروان کوچ

ہوں بیقرار وادی غربت میں اسقدر
اک آن ہی مقام تو ہے ایک آن کوچ

مثل جرس ہے ہرزہ درائی عبث دلا
دنیا سے کر گئے ہیں سبھی ہمزبان کوچ

برگ سفر چمن میں ہے ہر ایک برگ گل
فصل بہار کا ہے اب اے باغبان کوچ

رحلت میں کر چلا ہوں تو کیوں آپکو ہے غم
کر جائیگا جہان سے سارا جہان کوچ

شیب آگیا شباب گیا اب تو آئیے
کرتا ہے صبحدم مجھے اے مہربان کوچ

دروازے تک پہنچنے میں ہوتی ہے ہائے شام
کرتا ہوں گھر سے صبحکو میں ناتوان کوچ

اپنی طرف کو کھینچ ہی لیجائے جذب قیس
لیلی کا جسطرف کو ہوا ہے ساربان کوچ

دو روز کرلے اور بھی تو خود فروشیاں
ہے کاروان حسن کا اے نوجوان کوچ

بیٹھا ہے تو مگر ہے رواں کشتئ حیات
ناسخ تو اس مکان کو بھی لیجے جان کوچ

ردیف حای حطی

آہ جو اپنی شب فرقت میں ہے تا حشر صبح
پنجۂ خورشید محشر ہے گریبان گیر صبح

ہجر میں ہی آج میری جان کو دیو سفید
وصل میں کل تھے گو دیتے تجھے برنگ صبح

مرغ زرین فلک انڈے سے بھی نکلا نہیں
یہ شب فرقت ہے آئی نادان ابھی ہی وہ صبح

وقت بیوقت آگیا ہی بستر دو آفتاب
ہو گئی ہے بارہا شام شب بیجور صبح

تیش قرب سے زیادہ رات بھر کو گر نہ
سجدہ کرتے ہے اختر و نکی خانۂ زنبور صبح

کہتے ہیں مجھ سے کسکی حسرت دیدار میں
گر شب تار لحد کو آئی صدای صور صبح

بھاگتا ہی مرہم کافور میرے داغ سے
جسطرح خورشید نکلا ہو گئی کافور صبح

میری آنکھوں میں کہان ٹھہرا چراغ آفتاب
ہے شب فرقت سیاہ آنکھیں ہیں معذور صبح

دیکھا ہی موسی تجلی اور اوس محبوب کی
طور کا شعلہ ہے خورشید درخشان طور صبح

ہجر میں ظاہر سب آثار قیامت ہوگئے
پردۂ شب میں ہیگی تابکے مستور صبح

تیری الفت میں سرا پا ہے سفید آفتاب
دم کی ہے دھان ایسی ہو گئی بیجور صبح

شہرۂ شام شب فرقت بھی ہر گز کم نہیں
گرچہ ہی عالم میں روز حشر کی مشہور صبح

وہ بلا ہی یہ شب فرقت کہ ناسخ ہول سے
جادۂ مشرق سے کوسوں بھاگتی ہے دور صبح

ردیف خای معجمہ

فرقت یار میں ہی یاس نے تلخ
بلکہ ہے آب زندگانی تلخ

باتیں اوس بد مزاج کی ہیں مجھے
مثل صہبای ارغوانی تلخ

ولہ

[illegible]

ہمارے قتل کو آمادہ ہی وہ خوش قامت
نکالی سرو نے شمشیر آبدار کی شاخ

پہ اپنے پاؤن ہین بر چار و شش جہت مینا
کہ لوگ جانتے ہین نخل خار دار کی شاخ

بجا ہی شمع یہان سوز داغ حسرت سے
ہر ایک جلتی ہی نخل سر مزار کی شاخ

شگفتہ ہوتے ہین گلہای معنی رنگین
نہین ہی خشک مری کلک مشکبار کی شاخ

برابری کبھی کی تھی جو اوسکی ابرو سے
مروڑ ڈالی ہی کیا آہوی تتار کی شاخ

خیال زلف مین ہم باغ جو گئے ناسخ
تمام برگ تھے کیفی ہر ایک مار کی شاخ

ردیف دال مہملہ

آ تجھسے ہو ہمکنار قاصد
کرلون میں تجھکو پیار قاصد

بر آئے تری قدم کی دولت
امید امیدوار قاصد

قسمت سے ایک تو بھرا ہی
بھیجے ہین ہزار قاصد

آنکھون سے نکالون پاؤن پھیلا
گر کوئی چبھا ہو خار قاصد

گر جان بھی دون تجھے تو کم ہی
ہون سخت میں شرمسار قاصد

مکتوب نہین یہ شعر ہجر
ہے خنجر آبدار قاصد

ناسخ بھی تجھسے پوچھتا ہے
کیسا ہی مزاج یار قاصد

[illegible]

کیون کس طرح یار جلد پہنچے
مکتوب سے میرا یار قاصد
کرتا ہے یہ بیقرار مجھکو
رستے مین ذرا قرار قاصد
روون نکیون آٹھ آٹھ آنسو
ہو جاون اگر دو چار قاصد
کیون کر لاسکے جواب جلد
کیا ہمین ہے اختیار قاصد

ہے جان امیدوار قاصد
آنکھون کو ہے انتظار قاصد
جی جان سے ہون نثار قاصد
ہو جلد کہین گذار قاصد

ولہ

جلد آ کہ ہے یار آ قاصد
مقبول ہو اب دعای ... قاصد
بھیجا کوئی ... کا قاصد
... جیسا ... کا نامہ

مر کے جاؤن جو خلد مین بیشک	ہو سقر کا عذاب ای قاصد
وہم مین بھی کبھی نہ لکھے ہین	سہئے جدائی کا خواب ای قاصد

خط ناسخ کا لاجواب شتاب
ہو دعا مستجاب ای قاصد

آیا نہین بہت کے آہ قاصد	تکتا ہون مین کب سے راہ قاصد
آتا ہے کبھی جو ہوش مجھکو	کہتا ہون یہی کہ آہ قاصد
مکتوب صنم دکھائے مجھکو	پشت و رو سے سیاہ قاصد
ہون دست نگر اوسیکا ہر دم	مین مثل گدا ہون شاہ قاصد
اوس ماہ کا لیکے خط کرے جلد	طے راہ کو مثل ماہ قاصد
قاصد قاصد مین کر رہا تھا	کیا دیر لگائے آہ قاصد
ان روزون حواس کس طرح ہین	آتا ہے گاہ گاہ قاصد
جلد آیا نہین مین مر چلا تھا	جیتا رہے دیر گاہ قاصد
لکھے ہین مرے نصیب مین رنج	تیرا نہین کچھ گناہ قاصد
طے راہ کو جلد تو کیا کر	مثل نیک نگاہ قاصد
احباب سے نے اضطراب کہنا	سہتے تو ہی مرا گواہ قاصد

[illegible]

ولہ

[illegible]

[illegible]

سوجھے مضمون جو بیاض یخ جاناں کے تئیں
ہو گیا رنگ سر کلک دم تحریر سفید

رات دن پیر فلک کی ہی دو رنگی ظاہر
زرد سے ہے پرتو خور ماہ کی تنویر سفید

مو ہٹاں کو باو کرے تار کفن آتیں نظر
اسلیے ہوتے ہیں موئے ان پیر سفید

سرخ دیکھا جو خوشی سے مرے منہ کو کبھی
ہو گیا غم سے یخ دشمن بے پیر سفید

سادگی میں جو مزا ہی نہیں رنگینی میں
ای صنم دیکھ لہو سرخ ہی اور شیر سفید

شوخ ہی رنگ تنہم ایہ تر سے سینے کا
صاف آتے ہی نظر سینے کی زنجیر سفید

ابروں پر ہی گلال اور قشقہ پہ ہی عبیر
سرخ آتے ہیں کمان نظر اور تیر سفید

خون سفید ایسا ہی ابنائے زمانہ کا نلخ
کیجئے قتل جو انکو تو ہو شمشیر سفید

مثل نسرین تن یار ہی جز خال سفید
ہی سراپا میں سجا ہی مگر اک بال سفید

ہو گیا ہجر میں ہو گئی آخر شب ہجر
صبح امید ہوئی تار مری بال سفید

کیا فقط اشکون نے آنکھوں کی سیاہی ہی لی
کیے ہو گئے ہیں مری پلکوں کی بھی سب بال سفید

ساری بازار کو سودا ہی مرے یوسف کا
ہو گئے زر و خریدار تیرے دلال سفید

میرے مجنون نے زمانے کی سیاہی لی
ہو نہ جائیں کہیں تجا تل تیرے ابال سفید

چاندنی گر قدم چاند پر اک نقش قدم
رات کیسی ہو سیہ کردے تری چال سفید

٦١

دیوان [illegible]

مہ کسرا و من چاند کے ٹکڑے سی بھلا کس صورت
مہ تابان کو ملا ہی فقط اک گال سفید

یا آگئی ہے قیامت کو سیہ رو ہو کین
فعل منقص ہو مرا نامۂ اعمال سفید

فرد اعمال بھی یا سیح [illegible]
جسطرح بال مرے ہو گئے ہیں مرے سال سفید

و له

[illegible]

داغ سیاہ سجدہ ہی مانند داغ ماہ
نورانی مثل ماہ ہی تیری جبین سفید

دیکھے ہمارے دفتر اشعار کو اگر
قرطاس کیطرح ہو نکتہ چین سفید

دیکھون سیاہی شب فرقت ہی تا کجا
ہون انتظار صبح مین آنکھین کہین سفید

ہی رنگ گل بھی کیا متغیر ترے حضور
ہی آفتاب زرد تو ماہ مبین سفید

مضمون رنگ گئے ہین سو قاصد تو کرے یاد
کاغذ کا بند اب کوئی باقی نہین سفید

کرلے پسند ان مین سے ناسخ تو کوئی رنگ
مستی ہی سرخ کفر سیہ اور دین سفید

گورے بدن پہ اوسکے نہین پیرہن سفید
یہ نسترن سفید ہی وہ یاسمن سفید

کس درجہ تیرے دانت ہین اے سیمتن سفید
ایسا نہین ہوا کوئی دُرِ عدن سفید

اے رشک شمع و ماہ ترا نور دیکھکر
انجم کی ہو رہی ہی تمام انجمن سفید

اے گل ترے حضور نہ ٹھہرے کوئی رنگ بھی
ہوجاے ایکدم مین چمن کا چمن سفید

اوڑ جاے رنگ تیرے لب لعل کے حضور
بلور کیطرح ہو عقیق یمن سفید

آئی بہار ہر بن مو سی ہی جوش خون
ہوجاے سرخ پہنون اگر پیرہن سفید

نسبت ہی میرے ماہ کی گورے بدن سے کیا
ہی جیب سے تو ماہ کا سارا بدن سفید

ولہ

جسطرح ضعف سے ہو چہرۂ بیمار سفید
ہوگیا ضعف سے میرا بدن زار سفید

[illegible]
نظر آتا ہی صنم صورت زنار سفید

[illegible]
کون جز ماہ کرے خانۂ خمار سفید

[illegible]
ہوسکے زرد جو دو چار تو دو چار سفید

[illegible]

بعد اک عمر کے ناسخ کی جواب آمد ہی
لکھنؤ کے ہوے سب کوچہ و بازار سفید

خوش لگا ہونکی ہی تجھپر نرگس جادو سفید
کر دیے تو نے طلسم حسن سے آہو سفید

پیر گردون سے زیادہ عمر ہوا ی ماہرو
ہوں ہر رنگ ماہ نو یارب تری ابرو سفید

دھیان ہونٹھو نکا جو آیا اشک گلگون ہو گئے
یاد دانتون کی جو آئی ہو گئے آنسو سفید

ہو گئے ہیں دیکھکر اوس رشک گلکو یاسمین
موگرا بیلا چنبیلی موتیا شبو سفید

ہو گیا وہ دل سوزان سے کیا دم میں سیاہ
تھا ابھی ہمدم غلاف تکیۂ پہلو سفید

مل گئے ہیرے کی بازو بند صفا ای رشک ماہ
سیم خالص سے زیادہ ہین ترے بازو سفید

کہتے ہین سب چادر مہتاب مین لپٹا ہی چاند
ای پری پیکر پہنتا ہی جو کپڑے تو سفید

سرخ تھا خون سرفرہاد سے پانی تمام
لوگ سمجھے ہین کہ جوی شیر ہوگی جو سفید

آسمان بام پر تیری تجلی دیکھکر
زرد ہر خورشید رو ہوجا ہر سرو سفید

چاند کو کہتے ہین سب ہر جیا کاسہ شیر کا
پر کہیں اس سے ہی تیرا کا سہ زانو سفید

خال ہی روی زمین پر اک سیہ خانہ مرا
چاندنی سے ورنہ آتا ہی نظر ہر سو سفید

مثل نجم ذو ذنب چہرہ ترا ہو جائیگا
عالم پیری میں جسدن ہو نگے تیرے گیسو سفید

ہو گئی ستر صبح لیکن ہی شب محشر سیاہی
عہد پیری میں نہیں ہوتے ہمارے مو سفید

٦٣

کھل گئی جادو بیانی بزم میں ناسخ کی آہ
کر دیا میں نے اسے تقریر میں سو بار بند

کیوں نہ مژگاں سے رہیں ابروے خمدار بلند
سچ ہے ہیں کہیں تیروں سے ہیں تلوار بلند

قدر آتش نفسوں کی ہے مرے یار بلند
کرۂ نار سے ہے آہ شرربار بلند

تیری آنکھیں تو سخن گو ہیں مگر کون سنے
کیونکر آواز کریں مردم بیمار بلند

اسقدر خشک ہوا زاہد بے دیں گویا
سر مسواک ہوا گنبد دستار بلند

کاکل و روی صنم دیکھ کے ثابت یہ ہوا
روز روشن سے ہے رتبے میں شب تار بلند

ظاہر اگر گردش گردوں سے ہے منڈوے کی طرح
پست دو چار زمانے میں ہیں دو چار بلند

بہ سر بھوں سے نہیں اوڑھے ہیں سر کے بال
ہیں ہوا سے سے شعلۂ رخسار بلند

عرش کو زیر قدم دیکھتے ہیں رندا ہی شیخ
گرچہ مسجد سے نہیں خانۂ خمار بلند

نہ ملا مرغ نگہ کو جو اوڑا طائر خواب
کیا ہی پرواز ہے ای دیدۂ بیدار بلند

پست طالع ہوں میں ایسا کہ اگر مر جاؤں
کبھو کاندھوں پہ جنازہ نہ ہو زنہار بلند

کیوں نہ گھبرا کے گروں چڑھتے ہیں اجذبۂ شوق
طالع پست یہاں یار کی دیوار بلند

پر لگا دے گا مجھے شوق اگر چاہے گا
اپنے گھر کی تو بنا شوق سے دیوار بلند

ولہ

ولہ

ولہ

ہے شب فرقت مین کسکو پھولونکا بستر پسند
بے کلی مین لوٹنے کو ہین مجھے اخگر پسند

یہ چھری پہنچنے مین ہی مجھ صید لاغر کی دعا
کرے بالش کے لیے صیاد میرا سر پسند

منکر وسعت کی جو ہین اچھی خدا نے دی سزا
حاجیون نے بوسہ لینے کو کیا پتھر پسند

اوسکو عاشق کی نظر بازی جو خوش آتی نہین
دلکے بدلے کی ہین میری چشم تر پسند

پھر رہا ہی اپنے اپنے کام مین سارا جہان
گرد کو ہی یار آتا ہی ہمین چکر پسند

زاہد اک تیرے کہنے سے کرونگا ترک مین
چھوڑکر جنت کیا ہی کوچۂ دلبر پسند

دیکھنا انصاف سے جوہر شناسی خلق کی
جا ہی تیغ اب کرتے ہین آئینہ کا جوہر پسند

بیوفا کی قدر ہو کیا باوفا کے سامنے
خاک کے ہوتے کبھی آئے نہ مجکو زر پسند

خلق چھلکی جاتی ہی خالی نہین ہوتا کبھی
ساقیا ہی تیرے چشم مست کا ساغر پسند

لیگئی جو تیری زلف عنبرین کی بو نسیم
اب کوئی کرتا نہین بازار مین عنبر پسند

دھوم ہی آفاق مین تیرے عذار صاف کی
اپنا آئینہ نہین کرتا ہی اسکندر پسند

زیست دونونکی ترے سائے مین گذری مثل قمر
غیر میخانہ نہین کوئی بھی مجکو گھر پسند

دانت کھوئے تمنے ہنسکر جو ہری ہی زاہدون
اب کسیکو بھی نہ آئیگا کوئی گوہر پسند

اپنے زاہد و نہین ہی نالۂ شعر خوانی مجھے
خشک ہی زاہد اوسے کیا آئے شعر تر پسند

ولہ

٦٥

ولیکن جگہہ تو دے غم دنیا کو بیوقوف | قدر یکین ہی پست تشکوہ مکان بلند
ہے دور ہی اوچھال دو عمامہ شیخ کا | لازم ہے پہر گشتی می با دبان بلند
ملتا نہین ہے مین پر اونکا نشان کہین | تا آسمان دیکھے ہین جنکے مکان بلند
افتادہ ہون جو پستی طالع سے غم نہین | برگ خزان کو کرتی ہے باد خزان بلند
ہے سالکون کو راہ تعلی سے اجتناب | کیا ہو لیتے پستی کے آب روان بلند
چاہے جو کوئی رتبہ عالی کرے سکوت | ہے سب نسبت شمع کی دہنشو بان بلند
مردہ غریب لتے ہے گڑھے مین پڑا ہوا | کیا فائدہ جو ہے تہ آب مہربان بلند
اوس ماہرو کی مانگ کو دیکھا تو سمجھے ہم | ہے چاند سے بھی رتبہ کہکشان بلند
مضمون بلند عالم بالا سے لاؤ لگا | ہونے دے اپنے قد کو تو ای نوجوان بلند
بیہودہ گو کو تیر گیے جہل ہے ضرور | کرتے ہین شب کو اپنی صدا پاسبان بلند

مینائی نہ سپہر بھی ہین ایک طاق مین
ایسی ہے میفروش کی ناسخ دکان بلند

گو آتی ہے نظر جب مجکو گہر آتا ہے یاد | اس سفر مین بھی دنیا سے سفر آتا ہے یاد
ٹکڑے کرتا ہون گریبانکو شب فرقت مین | ہای جب چاک گریبان سحر آتا ہے یاد
خود فراموشی وحشت زدگان ہوتی ہے ہر دم جلی | وصل کا دن جو فرقت مین اگر آتا ہے یاد

ولہ

۶۷

گلگشت کو آئے گا جو وہ گل | گل ہوں سگے ہر رنگ یاسمن زرد
دل غزن ہی مرا ہو رنگ لالہ | گلشن بید کی روش سے ہی بدن زرد
گو آئے خزان چمن میں وہ گل | ہوگا نہ یہ غنچہ دہن زرد
دیکھے جو ترے قبا بسنتی | پھاڑا گل… نے پیرہن زرد
باندھوں مضمون ایسے رنگین | … ہو ہمدو مرا سخن زرد
ہو پیر وہ نوجوان خدایا | ہو جاے وہ زلف پرشکن زرد
… تن زار سے ہو زنار | رنگ … جو وہ طفل برہمن زرد
ہوں خوف عذاب قبر سے میں | یہ زرد کہ ہو گیا کفن زرد
یہ رنگ کیا گالوں کا تو نے | گویا گل… کا ہی چمن زرد
کیا ہے ذقن وہی میں نسبت | مانند ہی ہے سیب ذقن زرد
غربت میں نہیں ہے اور کچھ رنج | کرتا ہے مجھے غم وطن زرد

ولہ

مسی سے ہو نہ ہاتھی جو اوس کا دہن کبود | پان سنگ کو دکان ہی سارا بدن کبود
مسی سے کر رہے ہو عبث تم دہن کبود | نازک یہ ہو… ہیں کہ کریگا سخن کبود
ہو صدمہ نگہ سے وہ رشک چمن کبود | کس… سے ہو نسترن کبود

وله

تپ سے جلتا تھا بدن میرا ہوا ای یار بسر — کس قدر تا تپ میں بنی شربت بیدار بسر

ردیف ذال معجمہ

قابل نامۂ محبوب کہاں ہاں کاغذ — سلسلہ رسی ہیں نہیں ممکن تیرے شان کا غذ

میرے مکتوب سے ایسی ہوئی نفرت اسکو — کہ کوئی اب نہیں چھوتا کسی عنوان کاغذ

دست پرنور میں نامہ جو مرا اوسنے لیا — ہوگیا صاف برنگ مہ تابان کاغذ

میرے مکتوب کو تم پھاڑکے پھینکا نکرو — کہ اوٹھا لیتے ہیں ستون مسلمان کاغذ

پردۂ چشم حقیقت میں ہے یا پردۂ دل — گرچہ ہو دیکھنے کو نامۂ جانان کاغذ

خط جو لکھوں تو ابھی ابر کے ٹکڑے کی طرح — ہو روانہ طرف کوچۂ جانان کاغذ

قاصدا لکھے ہیں اسرار محبت میںنے — رکھیو اغیار کی نظروں سے تو پنہان کاغذ

نامے لکھنے جو ہوے ہیں خاطر گو گران — ہوگیا انہوں بازار میں ارزان کاغذ

لگ گئی پیٹھ مری ہجر میں یان بستر سے — جسطرح ہوتی ہیں کاغذ سے ہو چسپان کاغذ

صورت برگ خزان دشت جنون میں ناسخ
میرے دیوانگی رہتے ہیں پریشان کاغذ

نا ہی لایا نہ کوئی قاصد دلبر کاغذ — ہوگیا غم سے ہمارا تن لاغر کاغذ

کیا کہے پیش غم جگر و دل بہنے ہوے	لاتے ہین سب طعام پے مہمان لذید
ہو گی سگ ہما مین پس از مرگ خوش جنگ	ہین کیا ہی عشق لب سے مرے استخوان لذید

دنیا مین تلخکام ہے ناسخ تو غم نہ کہا
ہون گے تمام میوہ باغ جنان لذید

ردیف رای مہملہ

لے اے دل اگر آئے قاصد یار	چومون کف پاے قاصد یار
حسرت مین نال تو ہی کیا مال	ہے جان فداے قاصد یار
ہے پیک اجل کی آج آمد	پہلے کہین آئے قاصد یار
ہون تنگ جو انتظار خط مین	کہتا ہون مین ہاے قاصد یار
غیرون کو دکھا دیا مرا خط	ثابت ہے خطاے قاصد یار
مجنون کی طرح مین دیکے پیغام	جاتا ہون قفاے قاصد یار
گو مردہ ہوا ہون پر ہے تم یاد کی	واللہ صداے قاصد یار
ہے خط کے عوض جواب نامہ	موت آئی بجاے قاصد یار
کانون کو ہے اشتیاق ہر دم	آواز سناے قاصد یار
آنکھون کو بس اب یہی ہے ارمان	مکتوب دکھاے قاصد یار

٦٩

واللہ سواے قاصد یار

بستر اوٹھا مین عاشق دلگیر دوش پر
آیا نظر فراق مین جو مہ صیام
چاند لا کے تیغ ہوئی شمشیر دوش پر
کاتا ہون کہ کاتب اعمال کیطرح
دن رات اک صنم کی ہی تصویر دوش پر

ناسخ نہ کیونکر مسیح ہو وہ بالاعلیٰ کی قدر
جسدم چڑھانی مالک تقدیر دوش پر

میں ہی مرتا نہیں کچھ اوس ستم ثانی پر
جان عالم کی نکلتی ہی مری جانی پر

کیا ہوا اوس سیر دختر رزمان کی غذا غیر شر
کہ درختون کی قناعت ہی فقط پانی پر

رکھدیا دل اپنا آگے جو اوسے سرکا کر
رحم آیا مجھے آئینے کی حیرانی پر

کیون نہ محو قد یار کہ مثل آزاد
سرنوشت ایک الف ہی مری پیشانی پر

آتے جاتے تجھے دیکھون شب ملے تجھ کو بار
کاش ہو جاؤن مین نوکر تری دربانی پر

جز کفن مجکو بدلنے کی نہین ہی حاجت
غش کرون کیون نہ بھلا جامہ عریانی پر

غش مین ہو سی کیطرح صاعقہ طور گرا
کیا تجلی ہی ترے چہرہ نورانی پر

دشت غربت مین جو گمراہ پڑا پھرتا ہون
کیا مین عاشق ہون کسی غول بیابانی پر

گرچہ ہے نظم مگر نثر کا ہوتا ہی گمان
یہ غزل وال ہی ناسخ کا پریشانی پر

آئے یارب جلد در پر نامہ بر
دے مجھے مکتوب دلبر نامہ بر

میری حالت پر بہت روتا ہی تو
خط نہ ہو جاوے کہیں تر نامہ بر

نامہ پر نامہ رقم کرتا ہون مین
بھیجتا ہون نامہ بر پر نامہ بر

[illegible]

ولہ

[illegible]

ولہ

[illegible]

تیرے ابرو سے کسی نے نے کیا تشبیہ دی
آگیا ہے دل ہمارا ہائے کس بے دید پر

تیرے ابرو سے کسی شخص نے کیا تشبیہ دی
جوہر خنجر نکل آتے ہیں ہر یک بید پر

جام اپنا ہی لیا الجام [illegible] آگئے پاس
سیکڑوں میں لگ گئے ہیں طعن ہم جمشید پر

آپ اپنا چاہنا پڑا ناسخ دیا یار کو
قاصد اپنا آج تک آیا نہ اس تاکید پر

کیا شب فرقت میں صدمے ہیں دل بیتاب پر
مثل رحمی لوٹتا ہوں چادر مہتاب پر

ہجر میں سو جاؤں کیا میں تو شک کمخواب پر
بن گئے ہیں بال پلکیں میری خواب پر

مثل ہالہ رات صدقے ہوتے ہے مہتاب پر
یہ خط مشکیں نہیں رخسار عالمتاب پر

آگیا یاد آہ محبوب نمازی کا رکوع
آنکہ میری جا پڑی مسجد کی جو محراب پر

گنبد مدفن مرا اشکوں نہیں لیکن ہی بعد مرگ
بلبلے تیرتے نظر آتے ہیں جیسے آب پر

چھوٹا پانی یار کا تھوڑا آپڑا ہے طبیب
ہے شفا موقوف اپنی شربت عناب پر

خیمہ لیلی نظر آتا ہے او مجنون حباب
نجد کی وادی میں اشک کے سیلاب پر

وہ جو قائم ہو بنی زرد اوسکے تمام رنگ
خوف ہے میرے دل بیتاب کو سیماب پر

عید میں پایا میں بھی گردش نہیں دم بھر [illegible]
سعی کرنا ختم ہے اسی سالکو گرداب پر

رند مشرب اسقدر رکھتے نہیں ذوق شراب
ہاں کیا ایک مارہا ہے شربت تم تیرے خوناب پر

ولہ

[illegible]

چھوٹتے ہیں ہمارے نالۂ سوزانکے بان — پہلی گر موعدمن سے جاگ نکلیگا ابھی جنگھاڑ کر
جسم خاکی کو ہمیں چھوڑیں عدم کی راہ لین — اب وطن کو چلیے گرد دشت غربت جھاڑ کر
روٹھکر ہمسے چلا ہی گھر کو وہ گلگون قبا — کھینچیے دامن گریبان صبوری پھاڑ کر
اپنے گر نیکی نہیں تمکو خبر ای غافلو — ہوگئی جمعیت خاطر خزانہ گاڑ کر
لیگیا صحرا کی جانب ان آوشوق شکار — شیر غم پیچھے پڑا یان کیا ہی پنجے جھاڑ کر
سینے سے داغونکی برابر جب نکلا آفتاب — صبح کہانا دم ہوئی اپنا گریبان پھاڑ کر

ولہ

خاموش ایکدم نہیں بتا دہان گور — گویا ہمارا لاشہ ہوا ہی زبان گور
مینا نے سے ما ایک نقال لے نہ جائین — مرجاؤن میں تو لوگ ہیں پاسبان گور
خادم جو تھے بنے وہ فرشتے عذاب کے — گھر ہوگیا ہی ہجر میں مجھکو بسان گور
بدتر ہی مزبلہ سے بھی دیکھیں جو کھولکر — ظاہر میں مقبرے سے بھی بہتر ہی شان گور
ہی صحن خانہ عرصۂ محشر نگاہ میں — تہ خانہ ہر ہی ہجر میں مجھکو گمان گور
تا روز حشر جا کے نکلتا نہیں کوئی — دنیا میں بس سپند ہی مجھکو مکان گور
کھانے پکا پکا کے دلاتے ہیں فاتحہ — مردہ غذا ہی مور ہوا اور میان گور
مردونکے نام سے بھی کوئی آشنا نہیں — کیا فائدہ رہا جو ہمیشہ نشان گور

[illegible]

پھینکا ہی دور تیر کو غصے سے یار نے
رخسار کیطرف لب سوفار دیکھکر

زلفین نظر جو آئین تو الجھن ہی نزع کی
سینے سے تنگ ہیون ہمنا یہ دیکھکر

پریان تمام تخت سلیمان کو بھول جائین
ای جان جہان ترا یہ ہوادار دیکھکر

زنجیر سمجھے سنبل پیچان کو ہجر مین
وحشت نے یاد ہ ہوگئی گلزار دیکھکر

ناسخ ہوجای سرمہ سیاہ حروف کے
روشن ہون آنکھین نامۂ دلدار دیکھکر

چشم عاشق مین برابر ہی دلا گھر باہر
ایک سا جلوہ معشوق ہی اندر باہر

نور دلتا ہی جو ایجان تو مین سوتا ہون
خود بخود سینے کے ہوتے ہین گوہر باہر

یار ہا ہی دل سوزان مری آنکھون سے نہین
نکلے ہین روزن ہجر سے یہ اخگر باہر

نور رخسار نہین زلف کے حلقون سے عیان
پردۂ شب سے نکل آئے ہین اختر باہر

باہر آتا نہین وہ طفل جو اپنے گھر سے
طفل اشک اپنے نکل آتے ہین اکثر باہر

یہ تمنا ہی صنم ہو جو قیامت برپا
قبر سے مجکو نکالے تری ٹھوکر باہر

چشم و دل سمجھو یہ مستو ہی عجب نرم بدن
شیشۂ بادہ جو اندر ہی تو ساغر باہر

ہاتھ تیرا نہین دستانے سے نکلا قاتل
میان سے تو نے نکالا ہی یہ خنجر باہر

نقد جان کیسۂ قالب سے جو نکلے نکلے
دیکھ ممسک کہین تھیلی سے نہو زر باہر

[illegible]

ہی کلام اللہ پہ بھی زر کو دنیا مین سبق / ہو گیا مجھکو یقین لوح قرآن دیکھکر

پھاڑے اکثر پیرہن آیا نہ وہ خورشید رو / کیا خجل ہون صبح کا چاک گریبان دیکھکر

پوچھتے ہو حال کیا سینے سے دل وارفتہ کا / اوڑ چلی روح روان رفتار جانان دیکھکر

مر گیا جب مین غفلت مین تو کیا سمجھا ہون مین / چونک اوٹھا ہون کوئی خواب پریشان دیکھکر

دھیان آجاتا ہی پیری مین سپیدی گور کا / نوجوانون کے دلارا رخسار تابان دیکھکر

جب یہان تنگ دیکھا گور تنگ آئی نظر / مار دوزخ یاد آگئے زلف پیچان دیکھکر

ایسی ہستی سے تو سو درجہ عدم ہی خوب تھا / یاد آیا مجھکو صحرا گنج زندان دیکھکر

مین گیا جب اوسکے گھر ایسی حیرانی ہوئی / ہو نہ ممسک کی یہ صورت وہی مہمان دیکھکر

غنچۂ دل کیا کھلے نظارۂ گل سے بھلا / شوق جنت مجھکو ہوتا ہی گلستان دیکھکر

موت سے ڈرتا نہین لیکن یہ آتا ہی خیال / کیا بھلا جنت کو دیکھونگا کوئی جانان دیکھکر

بچھ گئے ہین برگ گل کوئی رگ گل چبھ گیا / پاؤن رکھے گلشن مین جب اک سرو خرامان دیکھکر

ڈوبتا ہون پر بہر خط جان شب ہی بند دوست / موت بھی جاتی ہی کوئی جب بریان دیکھکر

شبہہ اپنے دیدۂ تر پر سمندر کا ہوا / پنجۂ مژگان مین سمجھا شاخ مرجان دیکھکر

کیون نہ کپڑے پھاڑ کر عریان ہے ناسخ پھر / ہو گیا دیوانہ تیرا جسم عریان دیکھکر

کچھ ایسی نہ تھی آگے مری یار کی رفتار	سیکھا ہے مگر چرخ ستمگار کی رفتار
سر گرتے ہیں کٹ کٹکے وہ دکھلاتا ہے جب یار	سیکھی ہے مگر یار نے تلوار کی رفتار
گردش ہے تری نرگس بیمار کو دن رات	دیکھی نہیں ایسی کسی بیمار کی رفتار
ملتی نہیں زلفوں کی تصویر کسطرح سے	ہے طرفہ جدائی کی شب تار کی رفتار
لغزش نہو کیونکر رہ دین میں مجھے زاہد	یاد آگئی اوس کافر میخوار کی رفتار
ظالم ترے کوچے سے قدم اوٹھ نہیں سکتا	کیونکر نہ چلوں سایۂ دیوار کی رفتار
کیا مار کو نسبت ہے ترے گیسو کے چلن سے	ہے سایۂ گیسو میں صنم یار کی رفتار

موتی عوض نقش قدم گرتے ہیں ناسخ
ایسی ہے مری کلک گہربار کی رفتار

آدمی عاشق ہیں کیا اوس سرو قد آزاد پر	ایک قمری بھی نظر آتی نہیں شمشاد پر

ردیف الزای المعجمہ

ولہ

دل سے وہ محبوب سیم اندام ہے شیدائے زر	اسلیے مجھکو تمنا ہے کہیں ملجائے زر
آب و گل میں جسطرح زاہد نہاں ہو جائے زر	سینہ سے ہے انکار زر کا اور ولیکن جائے زر
کیا کسوٹی کیطرح سے ہو گئے ہیں حال سیاہ	کسقدر ہم غافلوں کو ہو گیا سودائے زر
کوئی مرجاتا تو مجھکو ہاتھ سے ملتی ندے	خود جو ہو بیمار بنوا کر ورق کھا جائے زر

[illegible]

ولہ

ڈر دل لا کہ نہیں ... دراز
ایک ساز ہی ... دراز
[illegible]

ہی گلشن قرطاس ہی گلزار تماشائے دل	... سے قلم قافیہ پرواز کی آواز
طوطی کی ہی منقار تری نشو سے گو سیخ	پر لائے کہاں سے وہ ترے ناز کی آواز
اک تیر میں مثل لب سوفار ہوا چپ	نکلی نہ تڑپ سے عاشق جانباز کی آواز
گانے جو لگے میری غزل بزم غنا میں	سب دبے میں چھپی شرم سے ہی ساز کی آواز
اڑ طائر جان وصل کی شب تا نہ سنوں میں	مرغ سحر تفرقہ انداز کے آواز
طنبور کے تار آب ہوئے تو جو لایا	داؤد کے مانند ہی اعجاز کی آواز
لاتا ہے کہاں نامہ محبوب کبوتر	ای طائر جان ہی تری پرواز کی آواز
کیا رعب محبت ملا کر کوئی گلبرگ	بلبل کو ہوئی شہپر شہباز کی آواز
تالو سے لگا لیتے ہیں ہم اپنی زبان کو	سنتے ہیں اگر دور سے غماز کی آواز
گاتا نہ کسی کا اوسے تار لسیت خوش آیا	چھنے کرشنی اوس بت طناز کی آواز

ناسخ کی غزل سنکے کہا کرتے ہیں شاباش
آتی ہے مجھے حافظ شیراز کی آواز

فصل گل میں ہی غنا مرغ سحر کی آواز	ساز مطرب سے ہی اوراق شجر کی آواز
پہلی ہی طائر جان ہو قفس تن سے رہا	وصل کی شب نہ سنوں مرغ سحر کی آواز
جبکہ نے نامہ محبوب کبوتر آیا	مجھکو آئی ملک الموت کے پر کی آواز

[illegible]

ق ابروکے تصور مین کردن نابلند | ایسے مسجد کو منارہین ہزار اور دراز

ہ اوٹھتی ہی لگا جلنے فلک خورشید | اونکے ظاہر مین نہ تھے شعلۂ رخسار دراز

ف کرتا ہون تو تقریر بڑھی جاتی ہی | ای صنم کیا ہی تری کاکل خمدار دراز

ن قدسی کا جو کیا سرو نے دعوی سمجھے | کوتہی عقل کی تھی قد بھی ہی یار دراز

ن کرتی ہین ہزارون ہی تڑپے دیوانے | دامن کوہ سے ہی سایۂ دیوار دراز

مل کی رات بھی اک آدھ بڑھا بہر خدا | ای فلک ہجر کی راتین جو ہوون چار دراز

رنج ہی عشق مین اندازے سے باہر ناسخ
کہتے ہین قامت منصور سے ہی دار دراز

ھے پسند ہی محبوب سیم بر کا ناز | نصیب دشمن بے زر ہو اہل زر کا ناز

یشہ حامل پیغام و نامہ رہتا ہی | اوٹھاوین کیون نہ بھلا ہم نامہ بر کا ناز

از منار کیا تنے سارے عالم کو | کسی حسین نے پایا نہ اس اثر کا ناز

ائی رنگ شفق یاد مین لگا کہنے | شب فراق مین دیکھے کوئی سحر کا ناز

ب انقلاب ہی آغاز خط سے جلد کہین | بدل نہ جائے ہو میر عشوہ گر کا ناز

ولہ

رس سرو کا محرم مین نہ بیٹھے جس پر | ہی بدن تو شمع کافوری قبا فانوس پر

[illegible]

امتحان غیر و لگا کرنے جو لگا وہ سفاک
قتل ہو دو چار ہو سکے گر گئے دو چار گریز

لشکر غم نے بہت تنگ کیا ہی ہمکو
کیجیے اب طرف خانۂ خمار گریز

مشتری جب نہوا کوئی تری کوچے مین
ماہ کنعان نے بھی کی جانب بازار گریز

کیا شب تار جدائی کی سمائی وحشت
کر گئی روشنی دیدۂ بیدار گریز

یون مجھے دیکھکے بھاگا وہ بت سیمین تن
مفلسون نے کرے جس طرح سے زردار گریز

ظفر و فتح مبارک ہو تجھے ای ناسخ
کر گیا معرکے سے دشمن غدار گریز

ردیف سین مہملہ

فصل گل مین گھر مرا ہوتا ہی ویران ہر برس
ایکھون آباد کرتا ہون مین زندان ہر برس

ہی ترقی پر خط رخسار جانان ہر برس
بڑھتی جاتی ہی دلا تفسیر قرآن ہر برس

وحشت اہل حشر کا کرتی ہی سامان ہر برس
صبح محشر چاک کرتی ہی گریبان ہر برس

پھول لاتے ہین برابر سب گلستان ہر برس
پر سیارے داغ حسرت مین ہین چندان ہر برس

گل نہین کھلتا ہی ناسخ کا دیوان ہر برس
بلبلین ہوتی ہین گلشن مین غزلخوان ہر برس

خار صحرا کھینچتے ہین میرا دامان ہر برس
سبزہ ہوتا ہی جنون خضر بیابان ہر برس

کیا گرفتہ دن مین نادانی سے سمجھتے ہین خوشی
فی الحقیقت ہوتی ہی کم عمر انسان ہر برس

فصل گل مین ہم بھی ہو جاتے ہین عریان ہر برس
[illegible]
تازہ ہوتا ہی غم شاہ شہیدان ہر برس

[illegible]

کسطرح افسوس آہ آتشین سے پھونکدون — ہی رقیب بد یو سیرتا و سن ہی تا بکرے پاس
بیڑیان سی بیڑیان توڑی ہین مینے اسیخون — جا سکی ہین ہاتہ سیم و زر ہی آہنگر کے پاس
دوڑ بھاگکے کیون نہ لشکر تجکو تنہا چھوڑکر — ٹھہرے ہی کب فوج انجم خسرو خاور کے پاس

روک ناسخ کو نہ ای رضوان در فردوس پر
بندۂ شیر خدا ہے جائیگا قنبر کے پاس

ردیف شین معجمہ

گر گئی ہی ہین اک مست کی ٹھوکر بیہوش — صورت نقش قدم ہین تہ ہی کیونکر بیہوش
ہوش کب جلوۂ دیدار مین رہتی ہین بہلا — ہوگئے حضرت موسیٰ سی پیمبر بیہوش
فاقہ مستی سی ہمین بہی ہی بہلا ہوش کہان — ہین اگر نشۂ دولت سے توانگر بیہوش
ای فلک نشۂ جو قسمت مین نہین غش ہی ہہا — منعم جان ہین تجہ جاون جو ہم بہر بیہوش
خضر کیطرح کرون مین طلب آب بقا — بادۂ موت سی ہون مثل سکندر بیہوش
دل ہی بیخود جو ہی پنہان وہ رخ آتشناک — جیسے ہو دود سی آتش سے سمندر بیہوش
ہوش جبتک مجھے رہتا ہی یہی کہتا ہون — ساقیا اتنی پلا دی کہ مجھے کر بیہوش
تیری او تیرہ بو یار کی غضب ست ہی لو — سونگھتے ہی ہین ہوا ہی چمن بر بیہوش
کیا مست بید سرخ سے ہوتے ہین بشر — کبہی تی نہین ایسا کی حجر بیہوش

۷۹

ولہ

ردیف ضاد معجمہ

ساز و مطرب سے تری آواز ہے کیا جا خموش | احتیاطاً ہو داؤد بھی شیدا خاموش
ہم ہیں وہ بس گل ہیں جلیں باغ میں جو تقریر | ساتھ غنچے کے ہوئی بلبل شیدا خاموش
مست جب تک نہیں ہوتی ہیں ہم کر کے | تھی اگر ہوتی نہیں تھی یہ مینا خاموش
کسکو اے نور مجسم ترے آگے ہو فروغ | کر دیا تو نے چراغ ید بیضا خاموش
تو وہ اعجاز بیاں ہے کہ تری محفل میں | شرم سے صورت ہے مسیحا خاموش
ناطقہ بند کیا تو نے ہر اک ناطق کا | منشی کیا تو نے صوت عزا خاموش
تاب ہم یاری کی کسکو بھلا پیش حضور | ہوگئی شمع تجلی مع موسی خاموش
اتکی رہتی ہے کھلے بین تری ہیبت سے شراب | کیوں نہ ہو میکدۂ دہر میں مینا خاموش
جب ہی مسجد اقدس میں اذان ہونے لگی | مثل بت ہوگئے ناقوس کلیسا خاموش
آپ کو مصحف ناطق کی قسم یا مولا | حشر میں میری شفاعت سے نہ رہنا خاموش

ردیف صاد مہملہ

رہتا ہے ہو جیسے دلا مبتلائے حرص | ذلت بھی دوڑی آتی ہے نادان قفائے حرص
دنیا میں در بدر مجھے کب تک پھرائے حرص | یارب قناعت آئے کہیں چل بجائے حرص
دنیا کی ساری خاک اگر ہو غذائے حرص | ویسی ہی ہی حریص رہے اشتہائے حرص
یارب وہ دن دکھا کہ تری تیغ قہر سے | ماری پڑے یہ حرص مجھے ہو فنائے حرص

٩٠

[illegible]

کسطرح خط شعاعی میں نہان ہو خورشید
نہیں ممکن خط مشکین میں ہو پنہان عارض

دست گلچین میں ہو جسطرح سے کوئی گل تر
یون نمایان ہی تہ پنجہ مژگان عارض

جسطرح سے ہو گریبان سحر میں خورشید
رقص میں یون نظر آیا تہ دامان عارض

جلوہ فرما مہ کنعان ہی چہ کنعان میں
نہیں ایسا ماہ سر چاہ زنخدان عارض

[illegible] خزان کیون نہو ابر شک چمن ہی بہار
[illegible] تکلف ہی گل روضہ رضوان عارض

دور ہی چند وہ پرکالہ آتش ہی مگر
ہی تصور میں چراغ شب ہجران عارض

روز نوروز جبین ہی شب معراج ہی زلف
ذوالفقار ابرو ہی مصحف ہی قرآن عارض

شاخ گل عکس سے ہنجاتی ہیں ساری لہرین
صاف دریا کو بناتا ہی گلستان عارض

وہ بھبھوکا شب تاریک میں جاتا ہی اگر
آئنہ خانے میں کرتے ہیں چراغان عارض

نہیں معلوم کہ حور فلکی بھی ہین یا کہ نہو
مگر ایسے نہیں رکھتا کوئی انسان عارض

رات کو چہرہ مہتاب نظر آتا ہی
کسطرح گیسوئے شبگون میں ہی پنہان عارض

ہو نہیں حیران ہی کیونکر شب ہو موجود
ہین ترے ماہ کے خورشید درخشان عارض

کیون نہ دن رات کرا ہا کرون میں ناسخ
ہو گیا ہی مرض عشق حسینان عارض

دست خالی ہی ملا ہی ہمین ساغر کی عوض
پیتے ہین خون تمنا می احمر کی عوض

۸۱

[illegible]

[illegible]

ولہ

سپیہے جاؤنگا نہ کیون ساقیا قرض
کرینگے ساقی کوثر ادا قرض

دلا ہی بھیک بیگانون سے بہتر
نہ مانگئے آشنا سے آشنا قرض

عیادت کو وہ بت آیا پس از مرگ
بنے مجھے دم بھر کو دے جانی خدا قرض

نہین غم نقد جان گو ہاتھ سے جائے
نہ ہین عطا سے لونگا دوا قرض

گریبان چاک کرنیکا جو ہی شوق
جنون لیتا ہون کپڑے جا بجا قرض

ابھی دم بھر مین بے تکرار دونگا
کوئی بوسہ تو دے اے دلربا قرض

ہمارا افلاس مین آئی تو مینے
گلون سے زر برای مے لیا قرض

کرے گا وعدۂ صبح قیامت
ہمارے استخوان لیگا ہما قرض

مرے کپڑون کے تو ہین تار اڑا دے
جنون اب لون کسی گل سے قبا قرض

مرے گھر سے چلا محرم جب چور
کہا مینے رہا مجھپر ترا قرض

جو ہین افلاس مین نکلا سفر کو
برای راہزن کچھ لے لیا قرض

وہ بادل ہین جو لین قرض آب دریا
مرون پیاسا نہ لون آب بقا قرض

ردیف طای مہملہ

ورد سے ہے مجھکو ترا ای یار خط
روز پڑھ لیتا ہون مین سو بار خط

ردیف عین مہملہ

وہ پری پیکر اگر بھیجے مجھے — ہے یقیں مرغ سلیماں لائے خط

غور سے دیکھوں میں ہر مضموں کو — کوئی ساعت دل مرا بہلائے خط

درد دل لکھا ہے میں نے اک قلم — کیا عجب کھلتے ہی گر جلائے خط

ہو معطر یا الٰہی اب دماغ — عطر مالیدہ مجھے جلد آئے خط

رکھوں ساقی نامہ اوسکا نام میں — گر مرا ساقی مجھے بھجوائے خط

خط کا کاغذ بھی نہ بھیجے گا مجھے — جانتا ہے وہ مجھے شیدائے خط

حال سوز ہجر جو مرقوم تھا — اوس نے بھجوا کے مرے جلوائے خط

دوست میرا میرے پاس آتا ہے آپ — اب نہیں ناسخ مجھے پروائے خط

لکھ چکا ہے وہ ستم ایجاد خط — راہ میں ہے اے دل ناشاد خط

بھیجے گر محبوب تو اتنا رٹوں — یک قلم ہو جائے مجکو یاد خط

اوس پریرو کو نہ پہنچا ایک بھی — سب صبا نے کر دیے برباد خط

کھینچ دے مجھ زار کی اوس میں شبیہ — ہو چکا تحریر اے بہزاد خط

زندگی کیا جب نہ آئے خط یار — کھینچ دے گردن پہ اے جلاد خط

غم سے کر دے مثل سرو آزاد خط — جلد بھیج اے غیرت شمشاد خط

ردیف غین معجمہ

چاند ہی چہرہ شفق ہی جا بجا ہی داغ
کیون نہ رٹ لگتا ہی مجکو یا ہی داغ

اوس سہی بالا نے ہمین کھاسے داغ
بس یہی ہی داغ پر بالا ہی داغ

دیکھکر خورشید کو ثابت ہوا
آسمان بھی ہوگیا شیدا ہی داغ

جوش سودا مین یہی رٹ ہو گئی مجھے
میرے چھاتی سے کہین لگتا ہی داغ

اصل صورت کا نشان تصویر ہی
دیکھکر گلگونہ کیون یاد آئے داغ

لکھنؤ ای ناسخ سناؤن یہ غزل
کون سمجھے گا بھلا مضمون داغ

ردیف فا

ہاتھ دوڑاؤن نہ کیون اپنے گریبان کیطرف
پاؤن بھی اٹھتے ہین دشت کے دامان کیطرف

دل تو کہتا ہی کہ چل کوچہ جانان کیطرف
حکم وحشت یہ ہی کر عزم بیابان کیطرف

ایسی نفرت ہی اگر خاک بھی ہو جاؤن نہین
اوڑکے جاؤن نہ کبھی کوچہ جانان کیطرف

گلعذارو یہ ہوئی تمسے مجھے بیزاری
آنکھ اوٹھا کر کبھی دیکھون نہ گلستان کیطرف

خشک ہو جائے خدایا وہین شانے کیطرح
ہاتھ جاے جو مرا کاکل پیچان کیطرف

کور ہو جاؤن نظر آئے نہ پھر کوئی شی
جاے گر میری نگہ عارض تابان کیطرف

پونہچون گلزار جہان سے کہین جنت کو شتاب
دیکھون جز حور نہ مین چہرۂ انسان کیطرف

85

قلقل شیشہ نے کیا زاہد
کان ہین شور قیامت کیطرف

حسن کب اونکو نظر آتا ہے
آنکھ جنکی ہے قباحت کیطرف

گرم جوشی کرے دوزخ جو دلا
منہ نکرنا کبھی جنت کیطرف

قہر کیا اس سے سوا ہوگی تارہ
دیکھ ناسخ نسب فت کیطرف

ردیف قاف

طور و موسی ذرۂ صحرای عشق
نوح و طوفان قطرۂ دریای عشق

نے ستون آسمان بھی توڑ لیے
ہو ہمین فرہاد اگر ایمای عشق

گرم بازاری تجلی کی ہوئی
جبکہ موسی کو ہوا سودای عشق

بے تکلف تیرے نے پروائیان
حسن کو کیونکر نہین پروای عشق

ردیف کاف فارسی

باد نور ورنی پھونکی آتشکدۂ تن مین آگ
یان برنگ غنچۂ لالہ ہے پیراہن مین آگ

بولے وہ منہ دیکھکر آئینۂ فولاد مین
سنگ مین پنہان ہے دیکھو عیان آہن مین آگ

غیر سے کھیلی ہے ہولی یار نے — ڈالی مجھپر دیدۂ خونبار رنگ

کسکی ہولی جشن نوروزی ہے آج — سرخ مے سی ساقیا دستار رنگ

ہجر جاناں مین ٹھہرتا ہی نہین — کیا ہی میرے منہ سے ہے بیزار رنگ

کیا ہی گرگٹ آسمان کے سامنے — بدلے اک اک دم مین سو سو بار رنگ

[illegible] تے ہی او قیس لیلی شوق مین — خون پا سے جلد اب ہر خار رنگ

دھوپ ہی ہر مہ کے روز ہجر کا — ہے برنگ سایۂ دیوار رنگ

ہو گیا کیون زرد ناسخ کیا کہون

ہے زمانے کا عجب اے یار رنگ

دیکھا ترے فرس کا جو ای شہسوار رنگ — گلگون کا اوڑ چلا ہے برنگ غبار رنگ

آنکھ پر ہے خون سے اب مژہ اشکبار رنگ — لائے ہر ایک گل رگ ابر بہار رنگ

دکھلاتی ہے چمن مین جو فصل بہار رنگ — وحشت مین مجھسے کہتی ہے صحرا کے خار رنگ

تو ہے وہ آفتاب جو پیر تو بیٹھے ترا — جلجائے لالہ زار کا ای گلعذار رنگ

سارا بدن سیاہ ہوا آنکھین مین ہی سفید — دکھلا رہی ہے سوز شب انتظار رنگ

مے لال ہے جو نشہ دل سے خوش ہو — کچھ اور ہی دکھائیگا تجکو خمار رنگ

آتش سوار [illegible] ہو اگر تجکو دیکھ لین — اوڑ جائے عارضون سے برنگ شرار رنگ

کل تک وہ ہمکنار تھے مجھسے کنار گنگ
ہے آج سیل اشک مرا ہمکنار گنگ

کب لکھنؤ سا شہر کوئی ہے کنار گنگ
ملجائے گومتی مین تو ہے افتخار گنگ

دن بھر جو پھول بہتے ہین تو رات بھر چراغ
فردوس مین بھی یاد رہیگی بہار گنگ

عالم ہے میرے گریۂ بے اختیار کا
اپنی روانی مین نہین کچھ اختیار گنگ

کیون غوطے کھاتے ہم چلے جاتے ہین ساتھ ساتھ
کب دیکھتے ہین شنا ہ کشتی سوار گنگ

آ جائے اوسکو لہر ادھر آنے کی کہین
لہرین گنا کرون مین کہان تک کنار گنگ

وہ بت بھی پوجتے ہین خدائی جو کرتے ہین
کیا اعتبار گنگ ہے اے کردگار گنگ

دیکھین گے لکھنؤ مین جو پیچیدہ کاکلین
آئینگے یاد ہاے ہین کیا ہی ہار گنگ

مانند گنگ کھولے ہے آغوش نار ہے
ظالم نہین تو ہوتی ہین ہم ہمکنار گنگ

ہم بھی پرست کہتے ہین قربان پاے خم
مومن فدای زمزم و ہندو نثار گنگ

ردیف لام

جای گلشن کو جو تو عاشق ترا ہو جائے گل
شاخ گل ہو جائے جیسے دوڑ نے کو پای گل

تیرے سودائے محبت مین ہوئن کیا مین کہ پھر گرد
باغ سے بازار مین پہنچا لیکر گریبان آ کے گل

ہو گیا ہے شوق گلگشت چمن اوس مست کو
ہے یقین شاخون سے نکلے ساغر صہبائے گل

بندھ گیا مارِ سیاہ زلف پیچان کا خیال
کیون نہ اب بنتا چراغ زندگی ہو جائے گل

۹۷

ولہ

اودھر آئے کہ اودھر شب وصل
نہین سکتے نظر شب وصل

نے تکلف مثال زلف و عذار — صبح کے ساتھ آئی ہر شب وصل

شب ہجر آکے خواب مین وہ صنم — مجھسے کہتا ہی یاد کر شب وصل

شب مدفن سے وصل ہو جاوے — ہے اب میری زیست بسر شب وصل

اوڑ گئی میری مرغ جان کی طرح — کو نہین سکتی بال و پر شب وصل

جانب روز حشر دوڑا ہون — ساحل گنگ چھوڑ کر شب وصل

صد مہر صبح سے نجات ملی — کر گئی مجکو بے خبر شب وصل

کب شب ہجر تھی درازی مین — کوتہی مین ہی جسقدر شب وصل

شب مہتاب گو نہین اے ماہ — تجھسے روشن ہوئی مگر شب وصل

مفلسی مین ہی مغتنم شب ہجر — ہے طلبگار سیم و زر شب وصل

جلسے ہے مجکو روز ہجر پسند — ماری پھرتی ہی در بدر شب وصل

سینہ کوبی مری ہوئی نوبت — جب بجا صبح کا گجر شب وصل

ایسی ہی مست ہے بخت ہون بیدار — خواب طاری ہو غیر پر شب وصل

شیب مین عشرت شباب کہان — صبحدم کر گئی سفر شب وصل

تیغ خورشید کی فلک نے کلم — اب کہان ہے کہ ہو بسر شب وصل

ولہ

اوس گل کی بو جو باغ میں گل لیگئی نسیم
دشمن سے بھی نہیں ہے حسینوں کو کچھ ضرر
ابر شک گل خزانہیں جمع کرتی ہے جستجو
بلبل شراب عیش سے کیا یا نصیب ہے
ملتا نہیں خزانہیں کہیں جس روش سے گل
طاوس دیکھے بلبل شیدا کا حوصلہ
اکثر وہاں خزاں ہے ہمیشہ یہاں بہار

ہر موج بوی گل ہوئی بوی دماغ گل
رہتے ہیں آب و باد میں روشن چراغ گل
باقی ہے تیری کفش میں بلبل سراغ گل
ٹوٹا ہوا ہے روز ازل سے ایاغ گل
ملتا نہیں بہار میں بلبل ایاغ گل
دل میں ہر رنگ غنچہ لالہ ہے داغ گل
دل باغ باغ عشق ہے بلبل وہ باغ گل

ناسخ شراب پی شب تاریک ہی تو ہو
روشن ہیں صحن باغ میں ہر سو چراغ گل

ردیف میم

واعظ مسجد سے اب جاتے ہیں میخانے کو ہم
کیا مگس بیٹھے بھلا اوس شعلہ رو کے جسم پر
تیرے آگے کہتے ہیں گل کھولکر بازو ہی کمر
کون کرتا ہے بتوں کے آگے سجدہ زاہدا

پھینک کر ظرف وضو لیتے ہیں پیمانے کو ہم
اپنے داغوں سے جلا دیتے ہیں پروانوں کو ہم
گلشن عالم سے ہیں تیار اوڑ جانے کو ہم
سر کو دے دے مار کر توڑینگے بتخانے کو ہم

ولہ

٨٩

ولہ

اوسکے رخ کو جو نہین لف سیہ فام سے کام — اپنی بھی روز جدائی کو نہین شام سے کام

ہجر مین ایک سی ہے حالت بیداری وخواب — سانس کیطرح نہین جان کو آرام سے کام

قاصدا کیا کہون جو حال ہے میرے دلکا — خط سے آنکھونکو غرض کانونکو پیغام سے کام

مجھکو سودائی بنایا ہے دکھاکر آنکھین — تم وحشت کا لیا کرتے ہو بادام سے کام

عہد پیری مین نہین داغ محبت درکار — ہے دلا کیا مجھے خورشید لب بام سے کام

چشم ساقی سے نہ کیون عشق ہو میرے دلکو — کون شیشہ ہے بھلا جسکو نہین جام سے کام

باتین کانون نے سنی آنکھون نے صورت دیکھی — اب نہ خط سے مجھے مطلب ہے نہ پیغام سے کام

ردیف نون

اوس دہن کے وصف مین تقریر کی حاجت نہین — خط کی بھی تعریف مین تحریر کی حاجت نہین

دولت تقدیر کو تدبیر کی حاجت نہین — معدن زر ہے جہان اکسیر کی حاجت نہین

مجھکو بازیگاہ کافی ہے کرون کیا خانقاہ — مین مرید اک طفل کا ہون پیر کی حاجت نہین

درد ہے لیکن دہن خاموش ہے مانند زخم — ہجر کی شب نالۂ شبگیر کی حاجت نہین

ہرزہ گوئی سے کہین بہتر ہے خاموشی اوسے — عاشقونکو آہ بے تاثیر کی حاجت نہین

راستی سے اسقدر وہ کج ادا بیگانہ ہے — اوسکی ابرو کی کمانکو تیر کی حاجت نہین

[illegible]

لب سے پایا نہیں جو بوسہ لب
کچھ حلاوت ہے مرے سخن میں نہیں

خط بنا آئینہ سے کھل گئے گال
اب جلا بین ہی مل ختن میں نہیں

یہ فتیلہ ہی داغ حسرت کا
شمع بے یار انجمن میں نہیں

ہے غضب عضو عضو تیر آگداز
استخوان کیا کوئی بدن میں نہیں

لے گیا جذب جانب سگ یار
ہڈیان بھی مرے کفن میں نہیں

مدد ای شعلہ ہای داغ جنون
چین عریانی کا کفن میں نہیں

مشک کے سامنے ہی گیا کافور
نکہت زلف یاسمن میں نہیں

کیا کرون شکوہ رنج غربت کا
فی الحقیقت کوئی وطن میں نہیں

ملی مژگان تو پھوٹ کی چشم صنم
وحشتیں اسقدر ہرن میں نہیں

روسیہ ہو گیا تیرے آگے
چاند ای ماہ رو گہن میں نہیں

مثل یوسف ہوا ہون ضعف سے گم
غیر بو خاک پیرہن میں نہیں

موتیون سے بھر گئے وہ ناسخ
غم نہیں دانت اگر دہن میں نہیں

پاس وہ طفل نے سوار نہیں
نور آنکھوں میں جز غبار نہیں

اوسنے لکھا ہی اپنے ہاتھ سے خط
قاصد اسکو اعتبار نہیں

91

خلق کرتا کرے نہ کوئی خلش
یہ وہ گل ہے کہ جسمیں خار نہیں

عاشق زلف تھا سو میرے لیے
گور میں بھی عذاب مار نہیں

دو شنبہ میں ہی جلوہ گر اک روز
دونوں زلفوں میں وہ بہار نہیں

ہوسکے نور دیدہ ناسخ
ہای وہ گرد رہگذار نہیں

ولہ

[illegible]

[illegible]

ولہ

کچھ تری بات کو ثبات نہین
ایک بات مین تو پانچ سات نہین

مجھکو ساقی سوای جام شراب
جم کی جانب بھی التفات نہین

یون نہ باتین چبا چبا کے کرو
منھ سے ہان بات تو نبات نہین

عاقلان پیر و نقطہ [illegible]
ہے حیات ابدی یہ حیات نہین

وہی حسرت وہی فغان وہی داغ
کشور دل مین انقلاب نہین

کیا چھپین میرے داغ سینہ سے
ڈھانپ لے ابر آفتاب نہین

نہ تو آیا جواب نامہ نہ موت
زیست سے بھی مجھے جواب نہین

چھاتیان اوسکی دیکھکر نہ کھو
آب آئینہ مین حباب نہین

ہاتھ سے جام کیون نہین گرتے
پیر و بال بط شراب نہین

ستے ہے بالون کی مچھلیون کے لیے
گرچہ ای بحر حسن آب نہین

پر ترے قرب سے یہ تسکین ہے
کہ کبھی ذرہ اضطراب نہین

مینہ برستا ہے جلد آ ساقی
یاد اب توبۂ شراب نہین

آج واعظ کی کون سنتا ہے
پنبۂ گوش ہے سحاب نہین

درد دل کا علاج ای ناسخ
عرق اوس گل کا ہے گلاب نہین

جو ترے عشق مین ہلاک نہین
زندگانے مین لطف خاک نہین

نہرین ہین کیون بہشت مین جاری
زاہد اگر شراب پاک نہین

ہے شب ہجر ہو نہین وحشی سست
اسلیے جیب صبح چاک نہین

خاک سے کیون ہے اجتناب ایسا
ایک دن غیر خاک خاک نہین

[illegible]

ولہ

[illegible]

[illegible]

ترا دہن ہے وہ شیرین کہ ایک کلی مین
ہماری آنکھوں سے بہتے ہین اشک لعل جگر
یہ اپنے اشکو مین ہے حالت سفینۂ نوح
سنا نہین کوئی آتش کا ایسا پرکالہ
تری گزک کیلیے مچھلیان یہ بھن بھن کر
وہ عکس چہرۂ گلرنگ دیکھکر بولا
تصور اوسکے پسینے کا چشم تر مین ہے آج
یہ چاندنی نے رولایا فراق مین مجکو
جو روتے روتے غش آیا مجھے تو کہنے لگا
ہمارے دیدۂ تر پر تجاہیو رومال

حباسے بنگئے سارے حباب دریا مین
کہ رات دن ہے روان جیسے آب دریا مین
ہے جیسے کشتی کاغذ خراب دریا مین
وہ پی رہا ہے جو جام شراب دریا مین
ہر ایک موج ہے سیخ کباب دریا مین
بہا دیا ہے یہ کسنے شہاب دریا مین
سنا نہ تھا کبھی ہمنے گلاب دریا مین
کہ گذری ساری شب ماہتاب دریا مین
برنگ خضر لیے آیا خواب دریا مین
یہ پانی پینے کو اوترا سحاب دریا مین

جو سیل دیدۂ ناسخ کی آمد آمد ہے
تو ہو رہا ہے عجب پیچ و تاب دریا مین

چاک کرنیکی نہین پاتا ہون طاقت ہاتھ مین
صبح اوٹھکر کیون نہ دیکھو ہاتھ جا آئینہ
وہ چلے جاتے ہین لیکن ہم بلا سکتا نہین

ہے گریبان دیر سے اے جوش وحشت ہاتھ مین
یہ صفائی ہے نظر آتی ہے صورت ہاتھ مین
ضعف سے جنبش نہین پھر اشارت ہاتھ مین

ردیف الہاء

۹۳

انتظار نامہ بر مین ہو گیا ایسا ضعیف
نامۂ محبوب لیتا ہون بدقت ہاتھ مین
ارمغان لیجاؤن ناسخ سوی کلزار وطن
جن لیے ہین خارہای دشت غربت ہاتھ مین

ول

[illegible]

یا الٰہی بعد مدت خواب میں آیا ہے یار
مرد نکی جلوہ رہوں تا قیامت خواب میں

عاصیوں پر بعد مردن جیسا ہوتا ہی عذاب
رہتی ہی ہے یار مجکو یوں اذیت خواب میں

جب میں کہتا ہوں کہ میرے وصل سے جاگیں بخت
ہنسکے کہتا ہی وہ از راہ ظرافت خواب میں

چاہتا ہوں دن دوپہر انسی ہو تجھ سے بیدار میں
شب کو وہ بوسہ جو کرتے ہیں عنایت خواب میں

یا الٰہ العالمین ناسخ کی یہ ہی التجا
بخت ہوں بیدار میرے پاؤں دولت خواب میں

لیتے لیتے کروٹیں تجھ بن جو گھبراتا ہوں میں
نام لے لیکے ترا راتوں کو چلاتا ہوں میں

غیر جب کہتا ہی اوس پر میں بھی مرتا ہوں تو آہ
وہ تو کیا مرتا ہی بس غیرت سے مرجاتا ہوں میں

آ نکلتا ہی کبھی پر بات وہ کرتا نہیں
بولتا ہی تو یہ کہتا ہی کہ اب جاتا ہوں میں

تو وہ ہی آتش کا پرکالہ کہ تیرے سامنے
آفتاب اگر کہے جا کے لیے ٹھہرتا ہوں میں

ناتوانی نے نکل جانیکا ڈر تو کھو دیا
یار کو اب اپنے مرجانے سے دھمکاتا ہوں میں

گر چلیں راہ طلب میں توڑ ڈالوں اپنے پاؤں
بس کبھی ساقی کی آگے ہاتھ پھیلاتا ہوں میں

ابر کو دیکھا جو ساقی نے نگاہ مست سے
رعد بولا اب ہی گلرنگ برساتا ہوں میں

دوڑتے ہیں پاؤں جب دامن صحرا کی طرف
ہاتھ بھی ہی گریبان سا تھ دوڑاتا ہوں میں

ولہ

ولہ

ہو جہان یار وہین اوڑکے یہ دیکھ آتی ہین
میری پلکین ہین پر پرواز کو پر آنکھون

مستجیل آگ سے پانی یہ ہوا ای ناسخ
جائے اشک آنے لگے دل سے شرر آنکھون مین

آوازہ یہ ہوتی نہین نہار گلی مین
سمجھو نہ رگین ساز کی ہر تار گلی مین

ہر بات سے ہے دوسری بات اوسکے لبون
اقرار زبان پر ہے تو انکار گلے مین

سودا ہے مجھے شیشے پہ ای بادہ فروشو
کیون ہاتھ نہ ڈالون سر بازار گلے مین

کیا آج کیا ہے شب فرقت نے اندھیرا
گھٹتا ہے دم ای دیدۂ بیدار گلے مین

تعویذ کی حاجت ہے نہ درکار ہے گنڈا
باندھون خط محبوب ہین بیمار گلے مین

کیا بادہ کشو مجلس می ہو گئی برہم
قطرے ہی ابھی اوترے نہین دو چار گلے مین

کیا جوشش سودا ہے خشکی مجھے ساقی
موج می گلرنگ ہوئی خار گلے مین

ہے دست دراز اپنا جنون دور ہو ناصح
آجائے گی سر سے ابھی دستار گلے مین

مومن ہون اگر ہے کسی کافر سے مجھے عشق
تسبیح تو ہے ہاتھ مین زنار گلے مین

لاغر ہین ہم ایسے کہ نگل جائے جو چوٹی
اٹکے نہ ہمارا بدن زار گلے مین

رنگینی سے خالی نہین قاتل کی سبک تیغ
رومال ہے تلوار کا اک ہار گلے مین

یہ درد سے تنفر ہے کہ ہوتا ہون جو بیمار
جاتا ہے اٹک شربت دینار گلے مین

۹۵

ولہ

اوڑ چلا حسن ترا اوسکے نکلتے ہی صنم
جسکو سب کہتے ہین خط ہم اوسے پر کہتے ہین

ہجر مین عیش جو ہی غم سے مبدل ناسخ
ساغر بادہ کو ہم دیدۂ تر کہتے ہین

ہجر مین نالۂ جانکاہ ہی آہنگ نہین
لب طری کا ہی لہو بادۂ گلرنگ نہین

اندنون کیا نظر آتا ہی جنون بی رونق
عقول لڑکونکے میرے ساتھ نہین سنگ نہین

بوسہ جب مینے طلب تجھسے کیا تو نے دیا
ہی دہن تنگ ترا دل تو مگر تنگ نہین

مل گیا آج وہ ساقی تو ملا خضر ہمین
ساغر آب بقا ہی قدح بنگ نہین

سلطنت مجکو جو دیتا ہی فلک کہتا ہون
بندہ ہی خاک نشین قابل اورنگ نہین

سارے عالم سے لڑا کرتی ہین تیری آنکھین
صف مژگان ہی بھلا کیا جو صف جنگ نہین

پڑ گیا عکس تو جلنی لگا آب روان
تیری صورت سی فقط آئینہ ہی تنگ نہین

رنگ لالے مین اگر ہی تو نہین نام کو بو
یاسمن مین ترے سینے سے ہی بو رنگ نہین

لاکھ صیقل سے نہ چھوٹیگا کبھی اے قاتل
جم رہا ہی یہ مرا خون فقط زنگ نہین

کیا صفا ہی تری ابرو کی جو دیجے مثال
ابر مین تیغ مہ نو کو نم زنگ نہین

بوئی گل ہون ابھی جا ہون تو ہوا ہو جاؤن
باغ عالم مین ہی رخنونکی [illegible] نہین

جا بجا خون آتش سودا ہی تمام اعضا مین
کون سی رگ ہی ہماری جو رگ سنگ نہین

پھر بھی نہ ہو گیا جو جنون ہمکو کیا علاج
یان جا کے جیب ہی کا رہا رفو نہیں

ناسخ فراق یار میں ایسے ہوئے ہیں شگال
جز اشک مثل ابر بدن میں لہو نہیں

کس گل کا منہ چمن میں ترے آگے فق نہیں
یہ رنگ گل اڑا ہے افق پر شفق نہیں

گلشن میں اپنے مصحف رخ کی جو سیر کی
خالی شبیہ یار سے کوئی ورق نہیں

لکھتا ہے وصف دشنۂ مژگان کا ہر کوئی
وہ کون سا قلم ہے زبان جسکی شق نہیں

رزاق کریم سے کیا جل شانہ
چودہ طباق رزق ہیں چودہ طبق نہیں

جینے کا گرمی تپ غم سے گمان ہے
مدت سے جان میری بدن میں مق نہیں

ہوں بندۂ حرم تو سمجھنا ہے دیر میں
یاد صنم ہے دل میں اگر یاد حق نہیں

اور آفتاب روی کتابی دکھا ہمیں
ہر شمس بازغہ میں ہمارا سبق نہیں

آنکھوں کی ڈوریوں میں گہر یاقوت ہیں پروئے
موتی چڑھے ہیں لال میں منہ پر عرق نہیں

ہوگا وصال غیر کو اسکا بڑا ہی غم
اتنا فراق کا مرے دل کو قلق نہیں

طول شب فراق سے ناسخ جو تنگ ہو
کیا یاد قل اعوذ برب الفلق نہیں

اڑ مغنی سن مرے نالے ذرا پردیس میں
درد ہی ایسا بھلا کا ہیکو تیرے دیس میں

۹۷

ولہ

ہر دانت تیغ موج تبسم کو سنگ ہی
تیر نگہ کو ہر مژہ اک بر سے کم نہین

لاغر ہوں اپنے کلبۂ احزان مین اسقدر
دیوار کی دراز بھی اب در سے کم نہین

مستی ہین عشق ساقی کوثر بھی ہو اگر
جام شراب چشمۂ کوثر سے کم نہین

بندھے خوب لمین تصور جو یار کا
بھر تو مسافری بھی مجھے گھر سے کم نہین

رفتار یار مین ہین یہ شیر ین اور ایسا
خاک اوسکے رہگذر کی شکر سے کم نہین

ایسی ہی شرم ابروی جانانسے آب آب
تلوار کچھ مری مژۂ تر سے کم نہین

اوس سرو قد کے زلف مین ایسے پھنسے ہین دل
ناسخ جو لٹ ہی شاخ صنوبر سے کم نہین

کیا غرض غیر سے جب یار سے کچھ کام نہین
گل سی کچھ کام نہین خار سے کچھ کام نہین

تیغ کافی ہی مجھے اپنا گلا کاٹنے کو
خنجر ابروی خمدار سے کچھ کام نہین

مرض عشق سے دی مجکو شفا شافی نے
اب تری نرگس بیمار سے کچھ کام نہین

گھر مین اب چین سے بیٹھوں کہ وہ سودا نرہا
گردش کوچہ و بازار سے کچھ کام نہین

شب تار لحد کا ہی تصور مجکو
ہجر جانا نکی شب تار سے کچھ کام نہین

ساغر عمر لبالب نظر آتا ہے مجھے
ساقی و خانۂ خمار سے کچھ کام نہین

چمن خلد مین اب جلکے کرون گل چینی
بوسۂ یار گل رخسار سے کچھ کام نہین

[illegible]

۹۹

پروانے کا خون شمع پہ ثابت ہی گر نہ
